سوال

(312)حضرت عائشہ کی نکاح کی عمر

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قلعہ دیدار سنگھ سے خالد محمود نتوی دریافت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کتنی عمر میں ہوا تھا حدیث کا حوالہ ضرور دیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح چھ سال کی عمر مین ہوا تھا اور جب آپ کی آپ کی رخصتی عمل میں آئی تو اس وقت آپ کی عمر نو سال تھی جیسا کہ وہ خود فرماتی ہیں : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مجھ سے نکاح کیا تو میری عمر چھ سال تھی اور رخصتی کے وقت نو سال کی تھی ۔ (صحیح بخاری : حدیث5134)

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی یہ روایت ہے اس میں اتنا اضافہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نو سال تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت میں رہیں ۔ (صحیح بخاری : حدیث نمبر5158)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:335